NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON RELIGIOUS AFFAIRS AND INTER-FAITH HARMONY ON "THE PAKISTAN RUET-E-HILAL BILL, 2022"

I, Chairman of the Standing Committee on Religious Affairs and Inter-Faith Harmony have the honour to present this report on the Bill to regulate the system of moon sighting for commencement of Islamic Hijri calendar months [The Pakistan *Ruet-e-Hilal* Act, 2022] (Government Bill), referred to the Standing Committee on 11th January 2022.

2. The Committee comprises the following:

1.	**Syed Imran Ahmad Shah**	**Chairman**
2.	Choudhary Faqir Ahmed	Member
3.	Mr. Ehsan-ul-Haq Bajwa	Member
4.	Begum Tahira Bokhari	Member
5.	Ms. Shahnaz Saleem Malik	Member
6.	Mr. Kesoo Mal Kheeal Das	Member
7.	Mr. Naveed Amir Jeeva	Member
8.	Pir Syed Fazal Ali Shah Jillani	Member
9.	Ms. Shagufta Jumani	Member
10.	Mr. Muhammad Anwar	Member
11.	Ms. Shahida Akhtar Ali	Member
12.	Ms. Saira Bano	Member
13.	Mr. Saleem Rehman	Member
14.	Sahibzada Sibghatullah	Member
15.	Mr. Muhammad Bashir Khan	Member
16.	Prince Muhammad Nawaz Allai	Member
17.	Mr. Mujahid Ali	Member
18.	Raja Riaz Ahmad	Member
19.	Ch. Javed Iqbal Warraich	Member
20.	Mr. Jamshed Thomas	Member
21.	Mufti Abdul Shakoor Minister for Religious Affairs and Inter-Faith Harmony	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at (Annex-A), in its meeting held on 4th February 2022 and recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the Assembly.

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 27th July 2022

Sd/-
(SYED IMRAN AHMAD SHAH)
Chairman

[AS REPORTED BY THE COMMITTEE]

A

Bill

to regulate the system of moon sighting for commencement of Islamic Hijri calendar months

WHEREAS, it is expedient to enact a law to provide for a mechanism to regulate the system of moon sighting for the purpose of commencement of Islamic *Hijri* calendar months and consequently to bring harmony amongst followers of various schools of thought of Islam to perform their religious obligations with unanimity and for the matters ancillary thereto;

AND WHEREAS, the Provincial Assemblies of the Provinces of Khyber Pakhtunkhwa, Punjab, Sindh and Balochistan have passed resolutions under Article 144 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan to the effect that *Majlis-e-Shora* (Parliament) may by law regulate the matter of *Ruet-e-Hilal*;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement.-** (1) This Act shall be called the Pakistan *Ruet-e-Hilal* Act, 2021.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.-** (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,-

(a) "chairperson" means a chairperson of the Federal *Ruet-e-Hilal* committee, and includes every chairperson of each Provincial *Ruet-e-Hilal* committee, appointed under this Act;

(b) "Code" means the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898);

(c) "district committee" means district *Ruet-e-Hilal* committee constituted by each Province in their respective districts under this Act;

(d) "division concerned" means the division to which business of this Act stands allocated;

(e) "electronic media" means shall have same meaning as assigned thereto in clause (hc) of section 2 of the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002(XIII of 2002);

(f) "Federal committee" means the Federal *Ruet-e-Hilal* committee constituted under this Act;

(g) "ICT" means the Islamabad Capital Territory;

(h) "ICT committee" means the ICT Ruet-e-Hilal committee constituted by the division concerned under this Act;

(i) "member" means a member of a *Ruet-e-Hilal* committee, appointed under this Act;

(j) "month" means the Islamic *Hijri* calendar month;

(k) "PEMRA" means the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority established under the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002 (XIII of 2002);

(l) "provincial committee" means Provincial *Ruet-e-Hilal* committee constituted by a Province under this Act;

(m) "prescribed" means prescribed by rules made under this Act;

(n) "provincial department" means a department of a Province to which business of *Ruet-e-Hilal* stands allocated;

(o) "rules" means rules made under this Act;

(p) "*Shariah*" means injunctions of Islam as laid down in the Holy Quran and Sunnah; and

(q) "witness of moon sighting" means a person who provides information about the moon sighting in accordance with *Shariah.*

2. Words and expression used but not defined under this Act shall have the same meaning as assigned thereto under the Code or the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860).

3. **Federal committee.**- (1) Within one month of the commencement of this Act, the division concerned shall, by notification in the official Gazette, constitute a Federal *Ruet-e-Hilal* committee, consisting of the Chairperson and members as specified in column (2) of the Table below, namely:-

TABLE

S.No.	Person appointed or nominated	Status
(1)	(2)	(3)
1.	A person who has got *Shahadat ul Aalamiyya* degree from an institute recognized by any of the *Wafaqs recognized by Higher Education Commission (HEC) or (possesses a) master degree in Islamiyat having a minimum of fifteen years experience in the relevant*	*Chairperson*

	field:	
2.	Two *Ulema* from each Province having the qualifications and experience provided for under S.No.1.	*Member*
3.	One *Aalim* from ICT having the qualifications and experience provided for under S.No.1.	*Member*
4.	One *Aalim* from Gilgit Baltistan having the qualifications and experience provided for under S.No.1.	*Co-opted Member*
5.	One *Aalim* from the State of Azad Jammu and Kashmir having the qualifications and experience provided for under S.No.1.	*Co-opted Member*
6.	A representative not below the rank or equivalent of BPS-20 officer of the Federal Government nominated by the meteorological department.	*Member ex-officio*
7.	A representative not below the rank or equivalent of BPS-20 officer of the Division to which business of science and technology stands allocated.	*Member* ex-officio
8.	A representative not below the rank or equivalent of BPS-20 officer of the Federal Government nominated by the Pakistan Space and Upper Atmosphere Commission	Member ex-officio

	(SUPARCO).	
9.	Director General or such other officer of the Division concerned dealing with matters of *Ruet-e-Hilal*.	*Member-cum-Secretary*

(2) The committee constituted under sub-section (1) shall be under administrative control of the division concerned with its headquarters at Islamabad.

4. Provincial and ICT committees.- (1) Within forty-five days of the commencement of this Act, each provincial department to the extent of that province and the division concerned to the extent of ICT respectively shall, by notification in the official Gazette, constitute a Provincial and ICT *Ruet-e-Hilal* committee.

(2) Each Provincial committee shall consist of a Chairperson and twelve other members who shall be appointed, from the recognized *Ulema* of all schools of thought and a representative of the concerned Provincial department.

(3) The ICT *Ruet-e-Hilal* committee shall consist of not exceeding seven members including the Chairperson thereof.

(4) The ICT committee shall comprise the recognized *Ulema* of all schools of thought and a representative each of the division concerned and the Islamabad *auqaf* directorate.

5. District committee.- (1) Within sixty days of the commencement of this Act, each Province shall constitute a district *Ruet-e-Hilal* committee in each district for the purposes of this Act consisting of six members by giving therein representation to *Ulema* of all schools of thought.

(2) The district committee shall be governed under supervision of the concerned deputy commissioner or in his absence by such other head of the district by whatever name called.

6. **Prohibition of private committees.-** No committee, entity or organization by whatever name called, other than the Federal, Provincial and district committees for sighting the moon shall operate in all over the Pakistan or any part thereof.

7. **Term of the committees.-** The term of Federal, Provincial, ICT and district *Ruet-e-Hilal* committees shall be three years.

8. **Meeting of the committee.-** (1) The meeting of the Federal *Ruet-e-Hilal* committee shall be convened by its Chairperson on the 29th day of each month or at any time at his own or as directed by the division concerned.

(2) The meetings of the Federal *Ruet-e-Hilal* committee shall be held in Provincial headquarters and ICT on rotation basis as may be prescribed.

(3) The meetings of the Provincial, ICT and district *Ruet-e-Hilal* committees shall be held simultaneously in their respective headquarters and districts.

(4) Proceedings of the committee shall be recorded in writing.

(5) The committee may co-opt any person or invite any expert to attend its meetings or deliberations, for the purpose of advising it on any matter under discussion however such co-opted or invited member shall have no right to vote.

9. **Term and functions of Chairperson.-** (1) The Chairperson shall discharge such duties and perform any other functions as are assigned to him under this Act and the rules made thereunder.

(2) The Chairperson may resign from his office, by writing under his hand addressed to the secretary of the division concerned in case of the Federal committee and ICT committee and to the Provincial department in case of Provincial committee.

(3) The Chairperson of the Federal committee shall be appointed on rotation basis from the Provinces and the ICT.

10. Appointment of members of Provincial and ICT committees.- The concerned Provincial department or, as the case may be, the division concerned shall appoint such person as member of the Provincial committee or, as the case may be, the ICT committee who has got *Shahadat ul Alamia* degree from an institute recognized by any of the *Wafaqs* recognized by Higher Education Commission (HEC) or who possesses a master degree in Islamiyat having a minimum of ten years experience in *Shariah.*

11. Appointment of member of district committee.- The concerned Provincial department in consultation with relevant deputy commissioner or, as the case may be, such other head of the district by whatever name called shall appoint such person as member of the district committee who has got *Shahadat ul Alamia* degree from an institute recognized by any of the *Wafaqs recognized by HEC* or who possesses a master in Islamiyat having a minimum of seven years experience in *Shariah.*

12. Removal of Chairperson and members of the committee.- The Chairman and members of the committees may be removed by the division concerned in case of Federal committee and ICT committee and by relevant Provincial departments in case of provincial committees and district committees after giving notice of not less than seven days containing grounds for removal or on recommendation of the members of the concerned committee by vote of two- third majority.

13. Acceptance of witness for moon sighting.- The Federal, Provincial, ICT and district *Ruet-e-Hilal* committees shall accept evidence regarding moon sighting only in accordance with *Shariah*:

Provided that the evidence of moon sighting under sub-section (1) shall for the purpose of announcement under section 15 be sent to the Federal committee by the ICT committee and the provincial committee directly and by the district committee through the concerned provincial committees.

14. Public institutions to act in aid of the *Ruet-e-Hilal* committees.- All the relevant public institutions shall act in aid of the *Ruet-e-Hilal* committees.

15. Announcement of decision of moon sighting.- Only the Chairperson of the Federal committee or any member of the committee authorized in this behalf by the Chairperson thereof shall be responsible to announce the decisions of moon sighted or not sighted.

16. Punishment.- (1) Whoever violates any provision of this Act shall be punished with fine up to five hundred thousand rupees.

(2) Electronic media that broadcast the news of moon sighting before the official announcement of moon sighting under section 15 shall be liable to punishment of fine up-to one million rupees or suspension of their licences by the PEMRA or with both.

(3) Any person or persons who give false evidence regarding moon sighting shall be liable to the punishment of imprisonment of either description for a term which may extend to three years or with fine upto fifty thousand rupees or with both.

17. **Cognizance of offences.-** (1) Notwithstanding anything contained in the Code, an offence punishable under section 16 shall be cognizable, non-bailable and non-compoundable.

(2) No Court other than a Court of Sessions shall take cognizance of an offence under this Act except on a complaint of the Federal, ICT, provincial or district committees, as the case may be, made in writing, with reasons to be recorded in writing alongwith full particulars of the offence committed under this Act.

(3) A complaint made under sub-section (2) may be made upon the information received, either upon its own or otherwise, as the case may be.

(4) The provisions of the Code, so far as not inconsistent with the provisions of this Act, shall apply.

(5) Notwithstanding anything contained in the Code, the Court of Sessions shall decide the complaint under sub-section (2) within a period of sixty days.

18. **Power to make rules.-** (1) The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

(2) Without prejudice to the generality of the foregoing powers, such rules may provided for-

(a) appointment, removal, qualification and the training of Chairman and members;

(b) travelling and lodging expenses for the Chairman and members;

(c) powers, functions and responsibilities of Chairman and members;

(d) manner of coordination between the committees;

(e) the manner of aid to the committees by the relevant institutions; and

(f) matters connected therewith or ancillary thereto.

19. Power to make regulations.- The Federal, ICT, provincial or district committees may, by notification in the official Gazette, make regulations for the purpose to give effect to their functions.

20. Removal of difficulties.- If any difficulty arises in giving effect to any of the provisions of this Act, the Prime Minister may make such order not inconsistent with the provisions of this Act as may appear to him to be necessary for removal of the difficulty.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

In order to regulate the system of moon sighting for the purpose of commencement of Islamic Hijri clander months and consequently to bring harmony amoungst followers of various schools of thought of Islam to perform their religious obligations with unanimity throughout the country.

2. The Bill seeks to achieve the aforesaid objective.

MINISTER-IN-CHARGE

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

"پاکستان رویت ہلال بل، ۲۰۲۲ء" پر قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی ۱۱ر جنوری، ۲۰۲۲ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی ہجری تقویمی مہینوں کے آغاز نفاذ کے لئے چاند دیکھنے کے نظام کو منضبط کرنے کے بل [پاکستان رویت ہلال ایکٹ، ۲۰۲۲ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	**سید عمران احمد شاہ**	**چیئرمین**
۲۔	چوہدری فقیر احمد	رکن
۳۔	جناب احسان الحق باجوہ	رکن
۴۔	بیگم طاہرہ بخاری	رکن
۵۔	محترمہ شہناز سلیم ملک	رکن
۶۔	جناب کیسو مل کھیل داس	رکن
۷۔	جناب نوید عامر جیوا	رکن
۸۔	پیر سید فضل علی شاہ جیلانی	رکن
۹۔	محترمہ شگفتہ جمانی	رکن
۱۰۔	جناب محمد انور	رکن
۱۱۔	محترمہ شاہدہ اختر علی	رکن
۱۲۔	محترمہ سائرہ بانو	رکن
۱۳۔	جناب سلیم رحمان	رکن
۱۴۔	صاحبزادہ صبغت اللہ	رکن
۱۵۔	جناب محمد بشیر خان	رکن
۱۶۔	پرنس محمد نواز الائی	رکن
۱۷۔	جناب مجاہد علی	رکن
۱۸۔	راجہ ریاض احمد	رکن
۱۹۔	چوہدری جاوید اقبال وڑائچ	رکن
۲۰۔	جناب جمشید تھومس	رکن
۲۱۔	محترم مفتی عبد الشکور وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۱۴ر فروری، ۲۰۲۲ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں (منسلکہ۔ الف) کے طور پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل منظور کرے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۲۷ر جولائی، ۲۰۲۲ء

دستخط/۔
(سید عمران احمد شاہ)
چیئرمین

مسلکہ 'الف'

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

اسلامی ہجری تقویمی مہینوں کے آغاز نفاذ سے چاند دیکھنے کے نظام کو منضبط کرنے کا بل

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ اسلامی ہجری تقویمی مہینوں کے آغاز نفاذ کی غرض سے چاند دیکھنے کے نظام کو منضبط کرنے کا میکانزم فراہم کرنے کے لیے اور نتیجتاً اپنی مذہبی ذمہ داریاں اتفاق رائے سے انجام دینے کے لیے اسلام کے مختلف مکاتب فکر کے پیروکاروں کے مابین ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے اور اس کے ضمنی معاملات کے لیے قانون وضع کیا جائے؛

اور چونکہ، خیبر پختونخوا، پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے صوبوں کی صوبائی اسمبلیاں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۴۴ کے تحت قراردادیں منظور کر چکی ہیں مراد یہ کہ مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) رویت ہلال کا معاملہ بذریعہ قانون منضبط کیا جا سکتا ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ پاکستان رویت ہلال ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** (۱) اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی امر موضوع یا سیاق و سباق کے منافی نہ ہو،۔

(الف) ''چیئرپرسن'' سے وفاقی رویت ہلال کمیٹی کا چیئرپرسن مراد ہے، اور اس میں اس ایکٹ کے تحت تقرر کردہ، ہر صوبائی رویت ہلال کمیٹی کا ہر چیئرپرسن شامل ہے؛

(ب) ''مجموعہ'' سے مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء) مراد ہے؛

(ج) ''ضلعی کمیٹی'' سے اس ایکٹ کے تحت ان متعلقہ اضلاع میں ہر صوبے کی جانب سے تشکیل کردہ ضلعی رویتِ ہلال کمیٹی مراد ہے؛

(د) ''متعلقہ ڈویژن'' سے ڈویژن مراد ہے، جس میں اس ایکٹ کے اُمور کا تعین کیا گیا ہو؛

(ہ) ''الیکٹرانک میڈیا'' سے وہی مفہوم لیا جائے گا جیسا کہ پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (۱۳ مجریہ ۲۰۰۲ء) کی دفعہ ۲ کی شق (ح ج) میں اس سے متعلق تفویض کیا گیا ہے؛

(و) ''وفاقی کمیٹی'' سے اس ایکٹ کے تحت تشکیل کردہ وفاقی رویتِ ہلال کمیٹی مراد ہے؛

(ز) ''آئی سی ٹی'' سے دارالحکومت اسلام آباد کا علاقہ مراد ہے؛

(ح) ''آئی سی ٹی کمیٹی'' سے اس ایکٹ کے تحت متعلقہ ڈویژن کی جانب سے تشکیل کردہ آئی سی ٹی رویتِ ہلال کمیٹی مراد ہے؛

(ط) ''رکن'' سے اس ایکٹ کے تحت تقرر کردہ، رویتِ ہلال کمیٹی کا رکن مراد ہے؛

(ی) ''مہینہ'' سے اسلامی ہجری تقویمی مہینہ مراد ہے؛

(ک) ''پیمرا'' سے پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (۱۳ مجریہ ۲۰۰۲ء) کے تحت قائم کردہ پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی مراد ہے؛

(ل) ''صوبائی کمیٹی'' سے اس ایکٹ کے تحت کسی صوبے کی جانب سے تشکیل کردہ صوبائی رویتِ ہلال کمیٹی مراد ہے؛

(م) ''مقررہ'' سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد کی رُو سے مقررہ مراد ہے؛

(ن) ''صوبائی محکمہ'' سے کسی صوبے کا محکمہ مراد ہے، جس میں رویتِ ہلال کے امور کا تعین کیا گیا ہو؛

(س) ''قواعد'' سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد مراد ہیں؛

(ع) ''شریعت'' سے اسلام کے احکام مراد ہیں جیسا کہ قرآن پاک اور سنت میں بیان کیا گیا ہے؛ اور

(ف) ''چاند نظر آنے کی شہادت'' سے کوئی شخص جو شریعت کی مطابقت میں چاند نظر آنے سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہو مراد ہے۔

۲ الفاظ اور عبارت جو استعمال کیے گئے ہیں لیکن اس ایکٹ کے تحت واضح نہیں کیے گئے ہیں تو ان کا وہی مفہوم لیا جائے گا جیسا کہ مجموعہ یا مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) کے تحت اس سے متعلق تفویض کیے گئے ہیں۔

۳۔ وفاقی کمیٹی:۔ (۱) اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کے ایک ماہ کے اندر، متعلقہ ڈویژن، سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، چیئرپرسن اور اراکین پر مشتمل، جیسا کہ حسب ذیل ٹیبل کے کالم (۲) میں مصرحہ ہیں، وفاقی رویت ہلال کمیٹی تشکیل دے گا، یعنی:۔

نمبر شمار	تقرر کردہ یا نامزد کردہ شخص	حیثیت
(۱)	(۲)	(۳)
۱۔	کوئی شخص جو اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) کی جانب سے تسلیم شدہ کسی بھی وفاق کے تسلیم شدہ کسی انسٹیٹیوٹ سے شہادت العالمیہ ڈگری حاصل کی ہو یا متعلقہ شعبے میں کم از کم پندرہ سالہ تجربہ رکھنے کے ساتھ اسلامیات میں ماسٹر ڈگری (رکھتا ہو)	چیئرپرسن
۲۔	ہر صوبے سے دو علماء کرام جو نمبر شمار 1 کے تحت فراہم کردہ قابلیت اور تجربہ رکھتے ہوں۔	رکن
۳۔	ICT سے ایک عالم جو نمبر شمار 1 کے تحت فراہم کردہ قابلیت اور تجربہ رکھتا ہو۔	رکن
۴۔	گلگت بلتستان سے ایک عالم جو نمبر شمار 1 کے تحت فراہم کردہ قابلیت اور تجربہ رکھتا ہو۔	شریک منتخب رکن
۵۔	ریاست آزاد جموں و کشمیر سے ایک عالم جو نمبر شمار 1 کے تحت فراہم کردہ قابلیت اور تجربہ رکھتا ہو۔	شریک منتخب رکن
۶۔	ایک نمائندہ جو وفاقی حکومت کے بی پی ایس۔۲۰ افسر کے عہدے سے کم نہ ہو یا اس کے مساوی ہو جسے محکمہ موسمیات کی جانب سے نامزد کیا گیا ہو۔	بر بنائے عہدہ رکن
۷۔	ایک نمائندہ جو ڈویژن کے بی پی ایس۔۲۰ افسر کے عہدے سے کم نہ ہو یا اس کے مساوی ہو جس میں سائنس و ٹیکنالوجی کے امور کا تعین کیا گیا ہو	بر بنائے عہدہ رکن

۸۔	ایک نمائندہ جو وفاقی حکومت کے بی پی ایس۔۲۰ افسر کے عہدے سے کم نہ ہو یا اس کے مساوی ہو جسے پاکستان خلائی و بالائی ماحول کمیشن (سپارکو) کی جانب سے نامزد کیا گیا ہو۔	بربنائے عہدہ رکن
۹۔	رویت ہلال سے متعلقہ امور کے ڈویژن کا ڈائریکٹر جنرل یا ایسا کوئی بھی دوسرا افسر۔	رکن/سیکرٹری

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت تشکیل کردہ کمیٹی متعلقہ ڈویژن مع اس کے اسلام آباد کے صدر دفتر کے، انتظامی کنٹرول کے تحت ہوگی۔

۴۔ **صوبائی اور ICT کمیٹیاں:۔** (۱) اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کے پینتالیس ایام کے اندر ہر ایک صوبائی محکمہ اس صوبے کی حد تک، اور متعلقہ ڈویژن ICT کی حد تک بالترتیب، سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، صوبائی اور ICT اور رویت ہلال کمیٹیاں تشکیل دیں گے۔

(۲) ہر ایک صوبائی کمیٹی چیئرپرسن اور بارہ دیگر ارکان پر مشتمل ہوگی، جو کہ تسلیم شدہ تمام مکتبہ فکر کے علماء اور متعلقہ صوبائی محکمے کے نمائندے سے تقرر کیا جائے گا۔

(۳) ICT رویت ہلال کمیٹی زیادہ سے زیادہ سات ارکان پر مشتمل ہوگی جن میں چیئرپرسن بھی شامل ہے۔

(۴) ICT کمیٹی تمام مکتبہ فکر کے تسلیم شدہ علماء اور ہر ایک متعلقہ ڈویژن کے نمائندے پر اوقاف ڈائریکٹوریٹ اسلام آباد کے نمائندے پر مشتمل ہوگی۔

۵۔ **ضلعی کمیٹی:۔** (۱) اس ایکٹ کی اغراض کے لیے، اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کے ساٹھ ایام کے اندر، ہر ایک صوبہ ضلعی رویت ہلال کمیٹی تشکیل دے گا جو چھ ارکان پر مشتمل ہوگی جو تمام مکتب فکر کے علماء کے نمائندوں پر مشتمل ہوگی۔

(۲) ضلعی کمیٹی متعلقہ ڈپٹی کمشنر یا اس کی عدم موجودگی میں ضلع کا ایسا دوسرا سربراہ جس نام سے بھی پکارا جاتا ہو کی نگرانی کے تحت چلائی جائے گی۔

۶۔ **نجی کمیٹیوں پر پابندی:۔** چاند دیکھنے کے لیے کوئی بھی کمیٹی، ہیئت یا تنظیم کسی بھی نام سے موسوم ہو علاوہ ازیں وفاقی، صوبائی یا ضلعی کمیٹیوں کے پورے پاکستان میں یا اس کے کسی بھی حصے میں نہیں چلائے جا سکے گی۔

۷۔ **کمیٹیوں کی مدت:۔** وفاقی، صوبائی، ICT اور ضلعی رویتِ ہلال کمیٹیوں کی مدت تین سال ہوگی۔

۸۔ **کمیٹی کے اجلاس:۔** (۱) رویتِ ہلال کمیٹی کا اجلاس اس کے چیئرپرسن کی جانب سے ہر ایک ماہ یا کسی بھی وقت یا جیسا کہ متعلقہ ڈویژن حکم دے ۲۹ تاریخ کو طلب کیا جائے گا۔

(۲) وفاقی رویتِ ہلال کمیٹی کا اجلاس صوبائی صدر دفاتر اور ICT میں باری کی بنیاد پر جیسا کہ صراحت کیا جاسکتا ہے منعقد ہوگا۔

(۳) صوبائی، ICT اور ضلعی رویتِ ہلال کمیٹی کے اجلاس ان کے متعلقہ صدر دفاتر اور ضلعوں میں بیک وقت منعقد ہوں گے۔

(۴) کمیٹی کی کارروائیاں تحریراً ریکارڈ ہوں گی۔

(۵) کمیٹی کسی شخص کا چناؤ کرسکتی ہے یا کسی ماہر کو طلب کرسکتی ہے کہ ان کے اجلاس میں حاضر ہو یا استدال کرے، کسی بھی زیر بحث معاملے پر ان سے مشاورت کی غرض سے تاہم اس طرح چنے گئے یا دعوت دیے گئے شخص کو ووٹ دینے کا کوئی حق حاصل نہ ہوگا۔

۹۔ **چیئرپرسن کی مدت اور کارہائے منصبی:۔** (۱) چیئرپرسن ایسے فرائض انجام دے گا اور دیگر کوئی بھی کارہائے منصبی انجام دے گا جیسا کہ اس ایکٹ اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے تابع اسے تفویض کیے جائیں۔

(۲) چیئرپرسن وفاقی کمیٹی اور اسلام آباد دارالحکومتی کمیٹی ICT کی صورت میں متعلقہ ڈویژن کے سیکرٹری اور صوبائی کمیٹی کی صورت میں صوبائی محکمے کو اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی درخواست دے کر اپنے عہدے سے مستعفی ہوگا۔

(۳) وفاقی کمیٹی کے چیئرپرسن کی تقرری روٹیشن کی بنیاد پر صوبوں اور دارالحکومت اسلام آباد ICT سے کی جائے گی۔

۱۰۔ **صوبائی اور ICT کمیٹیوں کے اراکین کی تقرری:۔** متعلقہ صوبائی محکمہ یا، جیسی بھی معاملے کی صورت ہو، متعلقہ ڈویژن ایسے افراد کو صوبائی کمیٹی یا ICT کمیٹی کے رکن کے طور پر رکن مقرر کرے گا جس نے کسی ایسے ادارے سے شہادت العالیہ کی ڈگری حاصل کی ہو جسے اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) سے تسلیم شدہ کسی وفاق

سے تسلیم کیا گیا ہو یا جس کے پاس اسلامیات میں ماسٹر ڈگری کے ساتھ شریعت میں کم از کم دس سال کا تجربہ ہو۔

۱۱۔ ضلعی کمیٹی کے اراکین کی تقرری:۔ متعلقہ صوبائی محکمہ، متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے ساتھ مشاورت سے یا جیسی بھی معاملے کی نوعیت ہو، ضلع کا سربراہ جسے کسی بھی نام سے موسوم کیا جائے ایسے شخص کو ضلعی کمیٹی کے رکن کے طور پر مقرر کرے گا جس نے کسی ایسے ادارے سے شہادت العالیہ کی ڈگری حاصل کی ہو جسے اعلیٰ تعلیمی کمیشن (HEC) سے تسلیم شدہ کسی وفاق سے تسلیم کیا گیا ہو یا جس کے پاس اسلامیات میں ماسٹر ڈگری کے ساتھ شریعت میں کم از کم سال کا تجربہ ہو۔

۱۲۔ چیئرپرسن اور کمیٹی کے اراکین کی برطرفی:۔ چیئرپرسن اور کمیٹی کے اراکین وفاقی کمیٹی اور ICT کمیٹی کی صورت میں متعلقہ ڈویژن اور صوبائی کمیٹیوں کی صورت میں صوبائی محکمہ جات کی جانب سے کم از کم سات یوم کا نوٹس دینے کے بعد جو برطرفی کی وجوہات پر مشتمل ہوگا یا متعلقہ کمیٹی کے اراکین کی دو تہائی اکثریت رائے کی سفارش پر برطرف کیے جائیں گے۔

۱۳۔ چاند دیکھنے کے لیے شہادت کا قبول کرنا:۔ وفاقی، صوبائی، آئی سی ٹی اور ضلعی رویت ہلال کمیٹیاں صرف شریعت کی مطابقت میں، چاند دیکھنے سے متعلق شہادت قبول کریں گی:

مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ۱۵ کے تحت اعلان کی غرض کے لیے ذیلی دفعہ (۱) کے تحت چاند دیکھنے کی شہادت کو براہ راست آئی سی ٹی کمیٹی اور صوبائی کمیٹی کی جانب سے اور متعلقہ صوبائی کمیٹیوں کے ذریعے سے صوبائی کمیٹی کی جانب سے وفاقی کمیٹی کو بھیجی جائے گی۔

۱۴۔ سرکاری ادارے رویت ہلال کمیٹیوں کی معاونت میں کام کریں گے:۔ تمام متعلقہ سرکاری ادارے رویت ہلال کمیٹیوں کی معاونت میں کام کریں گے۔

۱۵۔ چاند دیکھنے کے فیصلے کا اعلان:۔ وفاقی کمیٹی کا صرف چیئرپرسن یا اس چیئرپرسن کی جانب سے اس کی ایماء پر مجاز کمیٹی کا کوئی رکن چاند نظر آنے یا نظر نہ آنے کے فیصلوں کا اعلان کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

۱۶۔ سزا:۔ (۱) جو کوئی بھی اس ایکٹ کے کسی احکامات کی خلاف ورزی کرتا ہے تو پانچ لاکھ روپے تک کے جرمانے کا مستوجب ہوگا۔

(۲) دفعہ ۱۵ کے تحت چاند نظر آنے کے سرکاری اعلان سے قبل الیکٹرانک میڈیا جو چاند نظر آنے کی خبر نشر کرے، تو پیمرا کی جانب سے ان کے لائسنس منسوخ کرنے یا دس لاکھ روپے تک جرمانے یا پھر دونوں سزاؤں کے مستوجب ہوگا۔

(۳) کوئی شخص یا اشخاص جو چاند دیکھنے سے متعلق جھوٹی شہادت دیتے ہیں، ایسی قید کی سزا کے مستوجب ہوں گے جس کے میعاد تین سال تک ہوسکتی ہے یا پھر جرمانہ جو کہ پچاس ہزار روپے تک ہوسکتا ہے یا پھر دونوں۔

۱۷۔ جرائم کی اختیار سماعت:۔ (۱) اس مجموعہ میں شامل کسی شئے کے باوصف، دفعہ ۱۶ کے تحت قابل سزا جرم، قابل دست اندازی، نا قابل ضمانت اور نا قابل راضی نامہ ہوگا۔

(۲) اس ایکٹ کے تحت سیشن عدالت کے علاوہ کوئی بھی عدالت، اس ایکٹ کے تحت ارتکاب شدہ جرائم کے تمام کوائف کے ساتھ تحریری طور پر قلمبند کیے جانے کی وجوہات پر وفاقی، آئی سی ٹی، صوبائی یا ضلعی کمیٹیوں کی شکایت پر جیسی بھی صورتحال ہو جرائم کی سماعت نہیں کرے گی۔

(۳) ذیلی دفعہ (۲) کے تحت کی گئی شکایت، وصول شدہ معلومات کی بنیاد پر، آیا کہ ذاتی طور پر یا بصورت دیگر، جیسی بھی صورتحال ہو، دائر کی جاسکے گی۔

(۴) مجموعہ کے احکامات، جب تک اس ایکٹ کے احکامات متناقض نہ ہوں، اطلاق ہوگا۔

(۵) مجموعہ میں شامل کسی شئے کے باوصف، سیشن عدالت ذیلی دفعہ (۲) کے تحت شکایت کا فیصلہ ساٹھ ایام کے عرصے مین کرے گی۔

۱۸۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔ وفاقی حکومت سرکاری جریدے مین بذریعہ اعلامیہ، اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری کے لیے قواعد وضع کر سکے گی۔

(۲) وجودی اختیارات کی عمومیت کے بلامضرت ایسے قواعد درج ذیل امور فراہم کر سکیں گے:۔

(الف) چیئرمین اور اراکین کی تقرری برطرفی، اہلیت اور تربیت؛

(ب) چیئرمین اور اراکین کے لیے سفری اور رہائشی اخراجات؛

(ج) چیئرمین اور اراکین کے اختیارات، کارہائے منصبی اور ذمہ داریاں؛

(د) کمیٹیوں کے مابین تعاون کا طریقہ کار؛

(ہ) متعلقہ اداروں کی جانب سے کمیٹیوں کی معاونت کا طریقہ کار؛ اور

(و) اس سے متعلقہ یا اس کے ضمنی امور؛

۱۹۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** وفاقی، آئی سی ٹی، صوبائی یا ضلعی کمیٹیاں، سرکاری جریدے میں بذریعہ اعلامیہ، اپنے کارہائے منصبی کو مؤثر بنانے کی غرض کے لیے ضوابط وضع کر سکیں گی۔

۲۰۔ **ازالۂ مشکلات:۔** اس ایکٹ کے کسی احکامات کے مؤثر ہونے پر اگر کوئی مشکل کھڑی ہو تو وزیراعظم ایسا حکم نامہ جاری کر سکے گے جو اس ایکٹ کے احکامات کے متناقض نہ ہوں جیسا کہ وہ ازالۂ مشکلات کے لیے ضروری خیال کر سکیں۔

بیان اغراض ووجوہ

اسلامی قمری تقویمی مہینوں کے نفاذ کی غرض کے لیے اور اس کے نتیجے میں ملک بھر میں متفقہ طور پر اپنے مذہبی فرائض کی ادائیگی کے لیے اسلام کے مختلف مکاتب فکر کے پیروکاروں کے مابین ہم آہنگی لانے کے لیے، چاند دیکھنے کے نظام کو منضبط کیا جاتا ہے۔

۲۔ بل مذکورہ مقاصد حاصل کرنے کا متلاشی ہے۔

وزیر انچارج